اور خانہ تیسرے اور گیارھوین کی نظر تسدیس کی ہے اور ساتھ خانہ ساتوین کے نظر
مقابلہ ہے اور ساتھ خانہ چھٹے اور آٹھوین اور بارھوین کے نظر ساقط ہے اور جو شکل
کہ بیچ وتد کے ہو قوت مین زیادہ ہو پس خانہ ہاے اوتاد آتش اول و پنجم
و نہم و سیزدہم و خانہ ہاے اوتاد ساتھ دوسرے و چھٹے و دسوین و چودھوین اور خانہ ہاے
اوتاد سوم و ہفتم و یازدہم و پانزدہم و خانہ ہاے اوتاد خاک چہارم و ہشتم و دوازدہم و شانزدہم
پس معلوم ہو کہ اشکال آتشی بخانہاے آتشی وتد ہے اور قوت مین زیادہ ہے اور اشکال
آتشی بخانہ آتشی ہو مائل وتد و اشکال آتشی بخانہاے آب زائل وتد یعنے کچھ زور اور طاقت
نہین رکھتا ہے اور اشکال آتشی بخانہاے خاک وتد الوتد ہے یعنی دو طرح کی قوت رکھتا ہو
اور اشکال آبی بخانہاے آب وتد ہے و بخانہاے خاک مائل وتد بخانہاے خاک زائل
و بخانہ باد وتد الوتد ہے اور اشکال خاکی بخانہاے خاک وتد ہے و بخانہاے آتش مائل
وتد بخانہ ہاے باد زائل و بخانہ ہاے آب وتد الوتد و حکم وتد وہ ہے کہ بیچ حال اوس چیز کے
حاصل ہو و مائل وتد بیر سے حاصل ہو اور زائل وتد کسی طور حاصل نہو اور اگر شکل
بیچ خانہ وتد الوتد کے ہو وہ باعث مددگاری بیچ اوسکے پیدا ہو کہ ساتھ وسیلے اوسکی کے
وہ کام بخوبی انجام کو پہونچے گا مگر امید براری مین کسیقدر عرصہ ضرور ہو جائیگا و عدیگر کام
ہونے اور نہ ہونے کو دریافت کرنے کیواسطے یہ قاعدہ بہت ہی مستند ہے کہ اگر ہر وتد مین
شکلین سعد اور اپنے اپنے عنصر کے موافق ہونگی تو کام انشاء اللہ تعالی ضرور ہو جائیگا
اور جلد ہوگا اور اگر برخلاف اس کے شکلین نحس اور اپنے اپنے عنصر کے مخالف واقع ہونگے
تو کام ہرگز نہو گا واضح ہو کہ رمل ایک بہت بڑا علم ہے اس مین اُستادون نے صدہا بلکہ
ہزارہا طریقے احوال نامعلوم کو معلوم کرنے کے واسطے تحریر فرمائے ہین لہذا ہم اونین سے
اس مختصر رسالے مین وہ چند طریقے حکم لگانے کے درج کرکے ہدیۂ ناظرین کرتے ہین

جو حضرت سلیمان ابن داؤد علیہما السلام کے مرتب کیے ہوئے ہین اور جنکا حکم اکثر تجربے سے دیکھا گیا ہے کہ کبھی غلط نہین ہوا

کسی شخص کے طالع کا حال دریافت کرنے کا طریقہ

اگر طالع مین شکل سعدا اور اپنے عنصر کے موافق ہوگی تو صاحب طالع کے دن بہت اچھے ہونگے اور جو آرزو اوسکے دلمین ہے وہ بہت جلد انشاء اللہ تعالی پوری ہوگی نوعدیگر زائچہ کرنیکے بعد دیکھو کہ شکل طالع نے زائچہ کے کس گھر مین تکرار کی ہے۔ اگر شکل طالع نے خانۂ نیک مین تکرار کی ہے تو صاحب طالع کے دن اچھے ہین اور مقصد دلی اوسکا پورا ہوگا۔ اگر شکل طالع نے نیک خانے مین تکرار نہ کی ہو بلکہ جس خانے مین کہ بدہی شکل طالع ہو اوس خانے کی صاحب خانہ سے ضرب دیکر ایک شکل پیدا کرو بس شکل حاصل شدہ اگر نیک ہے اور اوسکی تکرار بھی زائچے کے کسی نیک گھر مین ہے تو صاحب طالع کے دن بہت اچھے ہین اور جو کام وہ کرنا چاہتا ہے وہ انشاء اللہ تعالی بخوبی سرانجام پاجاویگا۔ اب پھر اسی شکل کو صاحب خانہ سے ضرب دیکر ایک شکل پیدا کرو۔ اگر شکل کا نتیجہ خراب ہو مگر تکرار اوس کی نیک گھر مین ہے اور اوس گھر کے نتیجے سے شکل نیک برآمد ہوتی ہو تو کام کا سرانجام بخیر وخوبی ہوگا مگر کسیقدر عرصہ ضرور ہوجائیگا۔ نتیجہ شکل سے حکم لگانیکا طریقہ ہمنے یہان پر بطور قاعدہ کلیہ کے بیان کیا ہے۔ بس نتیجہ در نتیجہ وہانتک نکالنا چاہیے کہ آخر کو جو شکل نتیجے پیدا ہو اوسکی تکرار رمل کے کسی خانہ مین نہ ہو۔ پس جب ایسا ہو تو اوسی شکل آخر سے حکم آخر لگا دینا چاہیے **مثال**۔ مثلاً فرض کرو کہ کسی شخص کے طالع کی اچھائی یا بُرائی دریافت کرنا مطلوب ہے اور زائچہ کے پہلے خانہ مین شکل ⚍ ہے تکرار اس شکل یعنے ⚍ نے زائچہ کے دسوین گھر مین کی ہے اور دسوان گھر بھی خراب نہین ہو لہذا جواب یہ نکلا کہ دن اچھے ہین اب دسوین گھر کی شکل صاحب خانہ نصرت الخارج ہے قبض الداخل کو نصرت الخارج سے ضرب دیکر عقلہ یعنے یہ ⚎ شکل پیدا ہوئی اور اس ⚎ نے فرض کرو کہ دوسرے گھر مین تکرار

کی ہے - دوسرے گھر کے صاحب خانہ ہے پس عقلہ اور قبض الداخل کے ضرب دینے سے
نصرت الخارج یعنے یہ شکل پیدا ہوئی اور یہی شکل نصرت الخارج زائچے کے سولھوین
مین پڑی ہے - سولھوین گھر کی صاحب خانہ طریق ہے بس ان دونون کو ضرب دینے سے
نصرت الداخل یعنے یہ شکل نکلی اور شکل زائچے کے کسی گھر مین نہین ہے لہذا حکم آخر
شکل آخر کی سعادت کے موافق یہ ہوا کہ شروع مین دن اچھے رہین گے مگر درمیان مین
کسیقدر خلل آمدنی مین واقع ہوجائیگا الا یہ خلل عارضی ہوگا اور آخر مین آمدنی بھی خوب
ہوگی اور جو کام کہ صاحب زائچہ کرے گا اوس کا انجام نیک ہوگا انشاء اللہ **نوع دیگر** اگر شکل
طالع نے زائچے کے کسی گھر مین تکرار کی ہو تو دیکھو کہ شکل طالع کی شکل معکوس زائچے کے
کس گھر مین پڑی ہے پس جس گھر مین ہو اوسی گھر سے حسب قاعدہ مذکورۂ بالا نتیجہ درنتیجہ
نکال کر حکم لگا دو - مثال مثلاً فرض کرو کہ طالع مین عتبۃ الخارج یعنے یہ شکل ہو اور زائچہ کے
کسی خانہ مین عتبۃ الخارج نہین ہے مگر دوسرے گھر مین اسکے معکوس عتبۃ الداخل یعنے
یہ شکل موجود ہے دوسرے گھر کی شکل صاحب خانہ قبض الداخل ہے - ان دونون کو آپس
مین ضرب دیا تو بیاض یعنے یہ شکل پیدا ہوئی - فرض کرو کہ گیارہوین گھر مین
زائچے کے موجود ہے - گیارہوین گھر کی شکل صاحب خانہ نصرت الخارج یعنے یہ
شکل ہے - ان دونون کو ضرب کرنے سے انکیس یعنے یہ شکل نکلی - انکیس فرض
کرو زائچے کے ساتوین خانے مین ہے - مگر ساتوان خانہ خود انکیس کا ہے اسوجہ سے
اب وہان کو خود اپنے ساتھ ضرب کھانیکی ضرورت نہین ہے - لہذا اول سے آخر
تک جو شکلین اس طریقے سے پیدا ہوئین اونکی سعادت اور نحوست کے موافق حکم یہ ہوا
کہ صاحب زائچہ کے دن آجکل نحوست مین ہین مگر درمیان مین یہ نحوست دفع تو کیا ہوگی مگر
کسی قدر کم ہوجائیگی بعد اوس کے پریشانی پھر منھ دکھلاویگی **نوع دیگر** اگر شکل طالع
اور شکل خانہ سیزدہم سعد اور باقوت ہین تو صاحب زائچہ کے دن بہت اچھے ہین

اگر اشکال مذکورہ اگرچہ سعد مون مگر با قوت نہون تو کوئی عمدگی اور اچھائی نہ دکھلا وین گے اگر شکل طالع نیک ہے اور شکل خانہ سیزدہم بد تو اس سے حکم کسیقدر اچھائی کا پیدا ہوگا۔ اگر شکل طالع بد ہے اور شکل خانہ سیزدہم سعد اور قوی تو اس سے بھی حکم بہتری اور بھلائی کا ہوگا۔ اگر دونون شکلین خراب اور نحس ہون تو حکم بدی کا لگانا چاہیے۔ نو عدیگر اول کو تیرہوین سے ضرب دیکر ایک شکل نکالو۔ اگر یہ شکل سعد ہو اور زائچے کے کسی خانہ مین قوت کے ساتھ بیٹھی ہے تو نحوست طالع بہت جلد بفضلہ تعالیٰ دفع ہوجائیگی

ملاقات ہونے نہونیکے لیے دریافت کرنے کا طریقہ

اولًا اس قاعدے کو جان لینا ضرور ہے کہ آتش سے دیدار باد سے گفتگو اور بات چیت آب سے اتصال خاک سے جدائی مراد ہے۔ دوسرے یہ یاد رکھنا ضرور ہے کہ سوال سائل کا کس شخص کی ملاقات کی نسبت ہے۔ اگر دوست آشنا معشوق یا فرزند وغیرہ کے ملاقات کی نسبت سوال ہے تو اول اور پانچوین سے حکم لگانا چاہیے اگر کسی غیر شخص کی ملاقات کے نسبت سوال ہے تو شکل اول اور شکل ہفتم سے جواب دینا چاہیے اگر کسی سردار یا حاکم کی ملاقات کے بابت سوال ہے تو اول اور دہم سے کہنا چاہیے۔ غرضکہ قاعدۂ کلیہ یہ ہے کہ جس گھر کا سوال ہو اوس گھر کی شکل اور طالع کی شکل سے ملانا چاہیے۔ اگر ان دونون شکلون مین نقطۂ آتش ہوگا تو حسب قاعدۂ مذکورۂ بالا صرف دیدار ہوجائیگا۔ اگر نقطہ باد کا بھی موجود ہوگا تو آپسمین مین باتین بھی ہونگی اگر نقطۂ آب کا بھی موجود ہے تو ایک پاس بیٹھنا اوٹھنا ہوگا۔ اگر صرف نقطۂ خاک ہے تو ملاقات نہوگی۔ فرض کرو کہ اگر ان دونون شکلون مین باد کا نقطہ نہو تو انکی حاصل ضرب سے جو شکل پیدا ہوا اوس مین دیکھو کہ نقطۂ باد ہے یا نہین اگر ہو تو دیکھو کہ وہ شکل زائچے کے کس گھر مین پڑی ہے۔ اگر کسی نیک گھر مین ہے اور خود بھی سعد ہے تو باتین محبت آمیز اور گفتگو بے دلچسپ آپس مین ہوگی اگر شکل نیک ہے لیکن خانہ بد ہے تو اول حصہ گفتگو کا عمدہ اور آخر حصہ رنجش آمیز ہوگا

مال و دولت ملنے نہ ملنے کی دریافت کرنے کا طریقہ

اگر زائچے کے دوسرے۔دسوین۔گیارھوین۔چودھوین۔خانون مین اشکال سعد و باقوت ہین اور تکرار ان شکلون نے نیک خانون مین کی ہے تو صاحب زائچہ ضرور مالدار ہے اور رتول او سکا روز بروز بڑھتا رہے گا۔ اگر ان شکلون کی تکرار نحس گھرون مین ہوگی تو آخر مین سائل کے ہاتھ سے مال جاتا رہے گا۔ نوعدیگر دوسرے خانے کی شکل کو صاحب خانہ سے ضرب دیکر دیکھو کہ نیتجے مین کون شکل آتی ہے اور زائچے مین کس مقام پر اس شکل نے تکرار کی ہے یعنے اگر یہ شکل خود بھی نیک ہو اور جس گھر مین تکرار کی ہے وہ گھر بھی سعد ہو تو اوسی گھر کی اور شکل کے منسوبات پر حکم سعد لگا دو مثلاً اگر شکل سعد داخل اور خانہ تکرار نحس ہے تو مال حاصل نہوگا اور اگر ہوا بھی تو بہت مشقت اور دشواری سے ہوگا۔ اگر شکل نحس منقلب یا نحس ثابت اور خانۂ تکرار بھی نحس ہے تو کچھ نہ حاصل ہوگا بلکہ جو کچھ موجود ہے وہ بھی بہت جلد خرچ ہو جائے گا۔

اس امر کے دریافت کرنیکا طریقہ کہ فلان چیز مول ملیگی یا نہ۔

اگر زائچے کے دوسرے گھر مین شکل سعد داخل اور آٹھوین مین شکل سعد خارج ہے تو چیز آسانی سے خرید لی جائیگی اور بیچنے والا بھی اوس چیز کو سائل کے ہاتھ بخوشی تمام فروخت کر ڈالے گا۔ اگر زائچے کے دوسرے گھر مین شکل سعد داخل اور آٹھوین مین نحس خارج ہے تو شے مطلوبہ کے مول لینے سے فائدہ ہوگا مگر فروشندہ بہت مشکل سے سائل کے ہاتھ فروخت کرے گا اور نقصان مین رہنے گا اگر زائچے کے دوسرے گھر مین شکل نحس داخل ہے تو شے مطلوبہ کی خریداری مین وقت اور دشواری پیش آویگی اور بعد خریدنے کے بھی کوئی نفع نہ ہوگا۔

اس امر کے دریافت کرنیکا طریقہ کہ فلان شخص سے امانت ملیگی یا نہ

اگر زایچے کے دوسرے گھر مین شکل سعد داخل اور ساتوین مین سعد خارج یا سعد داخل اور آٹھوین مین سعد خارج یا نحس خارج ہوگی تو امانت ملجائیگی یعنے امین رکھوائی ہوئی چیز مین ہرگز خیانت نہ کرے گا۔ اگر زایچے کے دوسرے گھر مین شکل نحس خارج اور ساتوین مین نحس داخل یا خارج اور آٹھوین مین سعد داخل یا نحس داخل ہوگی تو امین ضرور امانت مین خیانت کرے گا۔ اگر دوسرے خانہ مین شکل نحس خارج اور ساتوین مین نحس ثابت اور آٹھوین مین دوسری شکل کا عکس اور آٹھوین اور بارہوین مین توافق ہو تو کل مال ضایع ہوجائے گا سائل کو ایک حبہ وصول نہ ہوگا۔

اس امر کے دریافت کرنیکا طریقہ کہ تجارت مین نفع ہوگا یا نہ۔

اگر طالع اور دوسرے اور دسوین اور گیارہوین گھر مین اشکال سعد داخل ہون گی تو نفع ہوگا اور اگر نحس داخل ہون گی تو ضرور نقصان ہوگا۔ نوع دیگر شکل طالع کو دسوین شکل سے اور دوسرے خانہ کی شکل کو گیارہوین خانہ کی شکل سے ضرب دیکر دو شکلین نکالو اور پھر ان دونون شکلون کو باہم ضرب کرکے ایک شکل پیدا کرو اگر یہ شکل سعد داخل یا سعد خارج ہے اور اسنے اوتاد یا مائل اوتاد مین تکرار کی ہے تو نفع عظیم ہوگا انشاء اللہ تعالیٰ اور اگر یہ شکل سعد ثابت ہے اور اوتاد یا مائل اوتاد مین تکرار کرے ہے تو مال عرصے مین فروخت ہوگا اور چندان نفع نہوگا۔ اگر یہی شکل سعد منقلب ہوا ور اوتاد یا مائل اوتاد مین تکرار کرے تو کچھ مال فروخت ہوگا اور کچھ بچ رہے اور اگر یہی شکل نحس منقلب یا نحس خارج ہے اور تکرار اس کی زائل اوتاد مین ہے تو مال غارت ہوجائیگا یعنے یا چور لیجاوے گا یا آگ مین جل جاوے گا۔ اگر یہی شکل نحس خارج یا منقلب ہو تو تکرار اسکی اوتاد یا مائل اوتاد مین ہو تو مال غارت تو نہوگا مگر نقصان سے فروخت ہوگا اگر قاعدۂ مذکورہ کے موافق شکل مستخرجہ ☰ یا ☱ ہوگی اور تکرار اسکی وتد یا مائل وتد مین پائی جائیگی تو مال نصف قیمت پر فروخت ہوگا۔

اس امر کے دریافت کرنے کا طریقہ کہ پانی برسے گا یا نہ

اگر پہلے اور چوتھے اور دسوین گھر کی شکلون مین نقطۂ آب موجود ہے اور یہ کل شکلین بالخاصہ آبی بھی ہین تو پانی انشاء اللہ تعالیٰ جلد برسے گا۔ اگر پہلے گھر کی شکل مین آب کا نقطہ نہو اور چوتھے اور دسوین گھر کی شکل مین نقطۂ آب موجود ہو تو جس گاؤن یا قصبے مین کہ زائچہ کیا ہو اوسمین بالفعل بارش نہوگی بلکہ اوسکے گردوپیش مین پانی کسی نہ کسی مقام پر برسے گا

اس امر کے دریافت کرنے کا طریقہ کہ فلان شخص نے کیا کھایا ہے

اگر [شکل] و [شکل] پہلے اور دوسرے گھر مین ہونگی تو سائل نے گوشت کلہ کا اور روٹی گیھونکی کھائی ہوگی۔ اسیطرح اگر [شکل] و [شکل] ہوگی تو دال نخود یا گوشت۔ اگر [شکل] و [شکل] ہی تو بیگن یا گوشت یا کریلہ یا شلہ۔ اگر [شکل] و [شکل] ہے تو حلیم یا گوشت۔ یا باقلہ۔ اگر [شکل] و [شکل] ہے تو گوشت چاشنی دار اگر [شکل] و [شکل] ہے تو شکر یا بیضہ۔ اگر [شکل] و [شکل] ہے تو میتھی کا ساگ اور گوشت اگر [شکل] و [شکل] ہے تو گوشت و دال ساگ یا شلغم یا چقندر۔ اگر [شکل] و [شکل] ہے تو دہی اور مچھلی اور گوشت۔ اگر [شکل] و [شکل] ہے تو نخود آب و پلاؤ۔ اگر [شکل] و [شکل] ہی تو چنے کی دال اور گوشت اور خشکہ۔ اگر [شکل] و [شکل] ہے تو کباب و گوشت و بیگن و کریلہ و مولی۔ اگر [شکل] و [شکل] ہے تو گوشت و شلغم و مولی۔ اگر [شکل] و [شکل] ہے تو سوئے کا ساگ و مٹر کی پھلیان و گاجر۔ اگر [شکل] و [شکل] ہے تو گوشت یا شلہ یا دال مونگ یا ماش۔ اگر [شکل] و [شکل] ہے تو گوشت و نخود خام اور سیم کے بیج کھائے ہونگے۔

اس امر کے دریافت کرنیکا طریقہ کہ سفر دور کا ہوگا یا نزدیک کا

اگر پہلے گھر مین شکل خارج ہے اور تیسرے گھر مین اسی شکل نے تکرار کی ہے تو ضرور سفر نزدیک ہی کا ہوگا۔ اگر تیسرے خانے کی شکل گیارھوین خانے مین تکرار کرے گی تب بھی سفر نزدیک ہی کا ہوگا۔ اگر پہلے گھر کی شکل نوین مین یا گیارھوین مین تکرار کرے گی تو سفر دور کا ہوگا اشکال سعد داخل اور سعد خارج سے سفر جلدی ہوگا اور

اشکال ثابت سے سفر ہونے مین عرصہ ہوجائیگا اگر شکل منقلب ہوگی تو سائل صرف ارادہ سفر کا کرکے رہجائیگا یا جاکر پلٹ آویگا۔

اس امر کے دریافت کرنے مین کہ سفر ہوگا یا نہ

اگر پہلے گھر مین شکل خارج ہے اور اس شکل کا معکوس تیسرے یا نوین گھر مین ہے اور دوسرے اور چوتھے گھر مین اشکال خارج ہین تو سائل کا جانا ضرور ہوگا۔ اگر پہلے گھر مین شکل داخل ہے لیکن دوسرے گھر کی شکل خارج ہے تب بھی سائل کا جانا کسی نہ کسی طرح سے ہو جائے گا۔ اگر تیسرے گھر کی شکل نوین گھر مین تکرار کرے گی تو اس صورت مین بھی جانا ہو جائے گا۔ اگر چوتھے گھر کی شکل بارہوین گھر مین تکرار کرے گی تو بھی سفر ہوگا۔ اگر چوتھے گھر کی شکل داخل ہے لیکن اس شکل کا معکوس یعنے کوئی شکل خارج دسوین گھر مین پڑی ہے تب بھی جانا ہوگا اگر تیسرے گھر کی شکل ساتوین گھر مین تکرار کرے گی تب بھی جانا ہوگا اگر چوتھے گھر کی شکل ساتوین یا آٹھوین گھر مین تکرار کرے گی تو بھی سفر ہوگا لیکن اگر شکل مذکور خارج ہے تو جلدی اور اگر داخل ہے تو سفر کسیقدر عرصے کے بعد ہوگا اگر چوتھے گھر مین شکل خارج ہے اور نوین گھر مین داخل ہے تو بھی سفر ہو جائے گا۔

اس امر کے دریافت کرنے مین کہ غائب آویگا یا نہ

اگر چوتھے گھر مین داخل شکل ہے اور نوین گھر مین خارج شکل موجود ہے تو غائب جلد آویگا انشاء اللہ تعالیٰ اگر چوتھے گھر کی شکل گیارہوین یا سولھوین گھر مین تکرار کریگی تو گیا ہوا شخص چند دنون کے بعد پھر اوسی مقام پر کہ جہان وہ گیا ہے پلٹ آویگا۔

اس امر کے دریافت کرنے مین کہ سفر سے نفع ہوگا یا نہ

اگر پہلے اور تیسرے گھر کی شکلین نیک گھرون مین تکرار کرینگی تو ضرور انشاء اللہ تعالے نفع ہوگا اور اگر پہلے اور تیسرے گھر کی شکلین خانہ ہاے نحس مین تکرار کرینگی تو نفع نہ ہوگا۔

اس امر کے دریافت کرنےمین کہ مباحثہ علمی مین شخص مقابل سے جیت ہوگی یا ہار

تیسرے گھر کی شکل کو پہلے گھر کی شکل مین ضرب دینے سے اگر [شکل] یا [شکل] یا [شکل] یا [شکل] یا [شکل] آوے گی تو سائل غالب رہے گا کیونکہ یہ شکلین خاص سائل کی ذات سے تعلق رکھتی ہین۔ بعد اسکے ساتوین گھر کی شکل کو نوین گھر کی شکل سے ضرب دو اگر حاصل ضرب مین [شکل] یا [شکل] یا [شکل] یا [شکل] یا [شکل] آوے گی تو شخص مقابل ہار جاوے گا کیونکہ یہ نتیجہ ضرب اشکال کا خاص شکل مقابل کی ذات سے متعلق ہے پوشیدہ نرہے کہ نتیجے مین اگر دونون طرف اشکال سعد آوین گے تو دونون شخص برابر رہین گے۔

اس امر کے دریافت کرنے مین کہ علم قسمت مین ہے یا نہ

اگر پہلی اور تیسری اور نوین اور گیارہوین گھر کی شکلین سعد داخل ہونگی یا خصوصاً [شکل] و [شکل] و [شکل] خانہ ہاے مذکور مین پڑین گی تو علم سائل کے نصیب مین ضرور ہوگا اور اس علم کے ذریعے سے سائل کو عمر بھر نفع بھی پہونچتا رہیگا۔ جو خانے کہ اوپر بیان کیے گئے ہین اگر اون خانون مین بلحاظ نحوست و سعادت مختلف شکلین آوین یعنے کسی گھر مین سعد اور کسی گھر مین نحس تو اس صورت مین تیسرے گھر کی شکل کو نوین گھر کی شکل مین ضرب دو اور جو شکل حاصل ہو اوس کو پھر پہلے گھر کی شکل کے ساتھ ضرب دیکر ایک شکل نکالو پس اگر یہ شکل سعد داخل ہوگی تو علم نصیب مین ہوگا بعد اسکے پھر اسی شکل کو گیارہوین خانے کی شکل مین ضرب دیکر ایک شکل پیدا کرو اگر یہ شکل سعد داخل ہے تو یہ حکم لگاؤ کہ علم حاصل شدہ کے ذریعے سے سائل کی مراد حاصل ہوویگی۔ اگر یہ شکل نحس خارج یا نحس منقلب یا نحس ثابت یا نحس داخل ہو تو کہدو کہ علم حاصل شدہ سے سائل کو کوئی نفع نہ پہونچے گا۔

اس امر کے دریافت کرنے مین کہ بچے کا جی مکتب مین لگے گا یا نہ

چوتھا خانہ مکتب کا ہے پس اگر چوتھے گھر مین شکل سعد داخل ہے تو لڑکا کار غبتاً و

خوشی سے مکتب مین بیٹھے گا۔ اگر شکل نحس داخل یا نحس ثابت ہو تو لڑکا مکتب مین خوشی سے نہ بیٹھے گا بلکہ جبر سے خیر بیٹھا رہے گا۔ اگر شکل نحس خارج یا نحس منقلب ہے تو مکتب سے لڑکا بھاگ جایا کریگا۔

اس امر کے دریافت کرنے مین کہ فلان دایہ کا دودہ بچے کو موافق ہے یا نہ

اگر دوسرے اور تیسرے گھر کی شکلین دونون سعد داخل ہین تو دودہ دایہ کا بچے کو مبارک ہے۔ اگر ایک شکل سعد داخل ہے اور دوسرے سعد خارج یا ایک سعد داخل ہو اور دوسری سعد منقلب یا ایک سعد داخل ہو اور دوسری نحس داخل تو سمجھ لینا چاہیے کہ اس اختلاف کے ہونے سے دایہ کا دودہ بھی بچے کے مزاج کے موافق نہ ہوگا

اس امر کے دریافت کرنے مین کہ فلان کام کا انجام کیسا ہوگا

انجام کار کا چوتھا خانہ ہے بس اگر چوتھے گھر مین شکل سعد ہے اور اوسکی تکرار نواپنے کے نیک گھرون مین ہوئی ہے یا اگر تکرار نیک گھرون مین نہین ہوئی ہے تو جس گھر مین تکرار ہوئی ہے اوس کا نتیجہ نیک ہے تو کام کا انجام بھی خاطر خواہ نیک اور عمدہ ہوگا اور اگر اس کے برخلاف اشکال ہون گے تو کہ بھی بری کا الٹا نا ہوگا۔ تو عدیگر اگر چوتھے خانے کی شکل نے تکرار نہ کی ہو تو پہلے خانے کی شکل کو چوتھے خانے کی شکل مین ضرب دیکر ایک شکل پیدا کرو اور اس شکل کی تکرار اور خانہ تکرار کے نتیجے کی نیکی اور بدی کے موافق حکم لگاؤ۔ جس طرح اس قاعدے سے کام کے انجام کی نیکی اور بدی کا حال بتا یا جاتا ہے اسی طرح اس قاعدے سے اس امر کا جواب بھی دیا جاتا ہے کہ فلان شخص کی عمر خوشی مین بسر ہوگی یا رنج مین۔

اس امر کے دریافت کرنے مین کہ فلان شخص کے کتنے مکان ہین اور جس مکان مین وہ رہتا ہے وہ کس طرح پر واقع ہے

اگر چوتھے گھر مین اجتماع یعنے ⁝ یہ شکل ہے تو سائل کے دو گھر ہین۔ ایک یا تو فروخت

ہونے پر ہے یا گردے ہے اور دوسرے مین وہ خود رہتا ہے اگر چوتھے گھر مین ⁝ ہے تو سائل
کے مکان کا آگے والا حصہ کچھ شکست ہی یا گر گیا ہے اگر آگے کا حصہ نہین گرا ہے تو کچھ
عمارت کوٹھے پر کی ضرور گر گئی ہے۔ اگر چوتھے گھر مین جماعت یعنے ☰ یہ شکل ہے
تو گھر سائل کا درست ہے اور اوسمین دالان در دالان ضرور ہے۔ اگر چوتھے گھر
مین فرح یعنے ⁝ یہ شکل ہے تو سائل کے گھر مین کبوتر خانہ یا کوئی جانور خانہ ضرور ہے
اگر چوتھے گھر مین ☰ ہے تو سائل کا گھر بہت تنگ و تاریک ہے۔ یا اوس ایک گھر
مین دو گھر ہین اور دوسرے گھر مین کالا سانپ کسی مقام پر رہتا ہے۔ اگر چوتھے
گھر مین ☰ ہے تو سائل کا مکان بہت ہوا دار ہے اور اوس گھر مین اکثر خانہ جنگی کی نوبت
رہا کرتی ہے۔ اگر چوتھے گھر مین ☰ ہے تو سائل کے مکان مین سیلن یعنی نمی اور تری
بہت رہتی ہے اور کسی مقام پر کچھ درخت اور حوض یا کنوان وغیرہ ضرور ہے۔ اگر
چوتھے گھر مین ⁝ ہے تو سائل کا مکان بلند اور پختہ اور شان دار اور خوب ہی ہوا
دار ہے اور مضبوط اور مستحکم بھی ضرور ہے۔ اگر ☰ ہے تو سائل کا مکان نہایت ہی
عمدہ اور بہت بلند ہے اور اوس مکان مین ہرے ہرے پھول دار درخت بوئے
ہوئے ہین اور اوس مکان کے قریب یا تو کسی بزرگ کی قبر ہے یا مکتب خانہ ہے
اگر ⁝ ہے تو سائل کا مکان یا تو آگ سے جل گیا ہے یا اوس مین چھت نہین ہے
اور اوس مکان کے قریب غلیظ اور کوڑے کا انبار موجود رہتا ہے۔ اگر ⁝ ہے
تو سائل کا مکان کسی سبزہ زار کے قریب مین واقع ہے۔ اگر ہے تو سائل کے
مکان کی دیوارین خام ہین۔ اگر ☰ ہے تو سائل کا مکان پختہ اور دو منزلہ ہے اور اوس
مکان کے متصل مسجد یا کوئی عبادت خانہ ضرور ہے۔ اگر ☰ ہے تو سائل کا مکان ایک
منزلہ ہے اور ہوا دار ہے اور سر بازار واقع ہے اور اوس مکان کے قریب کوئی
صراف یا مہاجن ضرور رہتا ہے

اس امر کے دریافت کرنےمین کہ فلان مکان خرید نامبارک ہی یا نہ

اگر پہلے اور چوتھے خانے مین اشکال سعد ہین خصوصاً سعد داخل تو جو مکان خریدا جائیگا وہ بہت مبارک ہوگا اور اگر خانہ ہاے مذکورہ مین اشکال نحس آوینگی تو مکان خرید نا مبارک نہوگا نو عدیگر چوتھے خانہ کی شکل کو دیکھو کہ کس کس گھر مین اوس نے تکرار کی ہے یعنے اگر چوتھے گھر کی شکل خود بھی سعد ہے اور سعد گھرون مین اوسنے تکرار بھی کی ہے تو مکان مطلوبہ کا خرید نامبارک ہوگا اور اگر چوتھے خانے کی شکل گو خود سعد ہے مگر تکرار اوس کی بد گھرون مین ہے تو جو مکان کہ خریدا جائیگا وہ ایک مدت کے بعد تلف ہوجائیگا نو عدیگر چوتھے گھر کی شکل کو صاحب خانہ سے ضرب دو اگر نتیجے مین شکل سعد آوے اور اوس نتیجے کی شکل نے نیک گھرون مین تکرار کی ہو تو کہدو کہ مکان نو کا خرید نامبارک ہوگا۔ اور اگر شکل نتیجہ نحس ہو اور اوسکی تکرار بھی خانہ ہاے نحس مین ہوئی ہو تو حکم یہ ہوگا کہ مکان نو کا خرید نا کسی طرح مبارک نہوگا۔

اس امر کے دریافت کرنےمین کہ فلان گاؤن خریدنا مبارک ہے یا نہ

اگر چوتھے اور پانچوین گھر مین سعد شکلین ہین تو گاؤن یا علاقے وغیرہ کا خرید نا بہت ہی مبارک ہے۔ اوس گاؤن سے سائل کو زمانۂ آیندہ مین بہت نفع انشاء اللہ ہوگا اگر چوتھے گھر کی شکل نحس اور پانچوین گھر کی سعد ہے تو جس گاؤن یا علاقے کی خریداری منظور ہے وہ بہت خراب ہے اور اوس مین پیداوار بہت ہی کم ہوگا۔ اس موقع پر دسوین گھر کی شکل کو بھی ضرور دیکھ لینا چاہیے کیونکہ اگر دسوین گھر مین سعد شکل ہو تو وہ مقام درختان میوہ دار سے معمور ہے۔ جو درخت اوسمین موجود ہین وہ پودے ہے اور جوانی کی حالت مین ہین۔ اگر دسوین گھر کی شکل خود ہی سعد ہے اور اوس کی تکرار اوتاد مین ہوئی ہے تو اس موضع کے درخت بالکل بچے ہین عجب نہین کہ ابھی بار آور بھی نہ ہوئے ہون۔ اگر اسی شکل کی تکرار زائل اوتاد مین ہے تو درخت اوس موضع کے

پرانے ہین - اگر تکرار مائل اوتاد مین شکل خانہ دس کی ہوئی ہے تو درخت میانہ عمر کے ہین

اس امر کے دریافت کرنےمین کہ فلان شخص اپنے گھر مین ہی یا نہ

اگر پہلے اور چوتھے گھر کی شکل داخل ہے تو گھر مین ہے - اگر چوتھے گھر کی شکل نے ساتوین یا نوین گھر مین تکرار کی ہے تو گھر مین نہین ہے -

اس امر کے دریافت کرنےمین کہ فلان شخص کے نصیب مین اولاد ہی یا نہ

اگر پہلے اور پانچوین گھر کی شکلین سعد داخل ہین اور تکرار اونکی نیک گھرون مین ہوئی ہے تو اولاد نصیب مین ہے اور اگر شکلین نحس واقع ہوئی ہین اور عمدہ گھرون مین تکرار بھی اونکی نہین ہوئی ہے تو اولاد ہونا مشکل ہے -

اس امر کے دریافت کرنےمین کہ خرابی مرد مین ہی یا عورت مین

اگر پہلے گھر مین طریق یعنے ⁝ یہ شکل ہے تو عیب مرد مین ہی اور اگر یہی شکل طریق آٹھوین مین ہے تو عیب عورت مین ہی - اگر پانچوین مین ☷ یا ⁘ ⁖ ہی تب بھی عورت ہی مین نقص ہے -

اس امر کے دریافت کرنے مین کہ لڑکا ہوگا یا لڑکی

اگر فرح یعنے ⁖ یہ شکل پہلے یا پانچوین یا نوین گھر مین ہے تو لڑکا ہوگا اور اگر ☱ گیارہوین گھر مین ہے تو لڑکی ہوگی تو عدیگر اگر پہلے گھر کی شکل خارج ہے یا ☰ یا ⁘ یا ⁝ یا ⁝ ہے اور اوسکی تکرار زائچے کے کسی اور گھر مین نہین ہوئی ہے تو عجب نہین کہ لڑکا ہوگا - اگر پہلے گھر کی شکل نے کسی مقام پر تکرار کی ہو تو اوس گھر کے صاحب خانہ سے ضرب دیکر ایک شکل پیدا کرو اگر یہ شکل مذکر ہی تو لڑکا ہوگا اور اگر مونث ہے تو لڑکی ہوگی

اس امر کے دریافت کرنےمین کہ معشوق کو محبت ہے یا نہین

اگر پانچوین گھر کی شکل نے پہلے یا دوسرے یا تیسرے یا نوین یا گیارہوین یا تیرہوین گھر مین تکرار کی ہے تو معشوق کو بہت محبت ہے - پہلا گھر عاشق یعنے سائل کا ہی

اور پانچوان گھر معشوق کا ہے بس ان دونون گھرون کی شکلون مین سے اگر پہلے گھر کی شکل نے چھٹے یا ساتوین یا آٹھوین گھرون مین تکرار کی ہوگی تو عاشق کو اپنے معشوق سے الفت براے نام ہوگی اور اگر پانچوین گھر کی شکل نے خانہاے مذکورہ مین سے کسی گھر مین تکرار کی ہوگی تو علی ہذا القیاس معشوق کو محبت نہوگی نوع دیگر پہلے گھر کی شکل کو پانچوین گھر کی شکل سے ضرب دیکر ایک شکل نکالو اور پھر اسی شکل کو چوتھے گھر کی شکل سے ضرب دو - جو شکل حاصل ہو اوسکو دیکھو کہ سعد داخل ہے یا سعد خارج اگر سعد داخل ہے تو معشوق وفادار ہے اور اگر سعد خارج ہے تو معشوق سرکش اور نافرمان ہے -

اس امر کے دریافت کرنے مین کہ عاشق اور معشوق مین فسق اور فجور کی نوبت بہ زمانہ مواصلت آئی ہے یا نہ -

اگر پہلے اور پانچوین مین [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] ان شکلون مین سے کہ منسوب بہ حرام ہین کوئی شکل موجود ہے تو ضرور فسق وفجور کی نوبت آئی ہے اور اگر ان شکلون کے علاوہ پہلے اور پانچوین مین شکلین پڑی ہین تو ابھی تک صرف ملاقات ہی ملاقات ہے اور حرام کی نوبت نہین آئی ہے -

اس امر کے دریافت کرنے مین کہ فلان خبر سچ ہے یا جھوٹھ

اگر کسی کے مرجانے کی خبر پہونچی ہو اور رمل مین دریافت کرتے وقت پانچوین گھر مین لحیان یعنے [illegible] یہ شکل آوے تو کہدو کہ خبر غلط ہے وہ شخص بفضلہ تعالی زندہ موجود ہے - اگر کوئی خبر خوشی کی پہونچی ہو اور پانچوین مین شکل سعد ہو اور تکرار بھی اوس شکل نے نیک گھرون مین کی ہو تو کہدو کہ خبر صحیح ہے اگر کوئی بد خبر پہونچے تو اگر پانچوین گھر کی شکل بد ہو لیکن تکرار اوس نے نیک گھرون مین کی ہو تو کہدو کہ خبر غلط ہے یا کچھہ غلط کچھہ صحیح ہے

اس امر کے دریافت کرنے مین کہ فلان شخص کے پاس سے خط آئیگا یا نہین

اگر پانچوین گھر مین شکل سعد داخل ہے اور اوس شکل نے اُمہات یا نوین یا گیارہوین یا تیرہوین یا سولھوین گھر مین تکرار کی ہو تو خط آوے گا انشاء اللہ تعالیٰ اگر ☰ یا ☷ امہات یا نوین یا گیارہوین یا تیرہوین یا سولھوین مین ہے تو خط انشاء اللہ تعالے ضرور آئے گا۔ اگر ان دونون شکلون مین سے کوئی ایک شکل زائچے کی تیسری یا نوین گھر مین ہے تو خط راستے مین ہے

اس امر کے دریافت کرنے مین کہ مضمون خط کا کیا ہی

اگر پانچوین گھر کی شکل سعد ہے اور تکرار اوسکی نیک گھرون مین ہو تو مضمون خط مین خوشی کا ہوگا اگر پانچوین گھر کی شکل نحس ہے تو خط کے مضمون سے دل خوش نہوگا کچھ ملال آمیز یا درد آمیز مضمون ہوگا

اس امر کے دریافت مین کہ سرکار سے خلعت ملیگا یا نہین

اگر پانچوین گھر کے خانہ مین شکل سعد داخل ہے اور اوس کی تکرار پانچوین یا دوسرے یا دسوین یا گیارہوین یا چودھوین یا تیرہوین یا سولھوین گھر مین ہوئی ہو اور عتبۃ الداخل یعنے ☷ یہ شکل ہے کہ خاص خلعت سے منسوب ہے زائچہ مین قوت کے ساتھ واقع ہوئی ہے تو سرکار سے ضرور خلعت مرحمت ہوگا نو عدیگر اگر ☷ زائچے کے پانچوین گھر مین ہو اور اوسکی تکرار بھی خانہاے مذکورہ مین سے کسی گھر مین ہوئی ہو تو بفضلہ تعالے یقین کامل ہے کہ انشاء اللہ تعالے ضرور سرکار سے خلعت مرحمت ہوگا

فالنامہ رملی کہ حکیمون طالبون نے واسطے بادشاہ بلخ کے مرتب کیا تھا

اگر کسی صاحب حاجت کو کسی امر شکل کے بارہ مین فال دیکھنا منظور ہو پہلے تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے بعد اسکے یہ آیت کریمہ۔ وَمَنْ يَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا پڑھے بعد اس کے سانس روک کر

چار سطرین ایک دم مین نقطون کی لکھے پھر دو نقطہ اوس مین سے طرح کرے اگر ایک باقی بچے نقطہ حاصل ہوا اگر دو باقی بچین تو لکیر حاصل ہوئی جسکو اصطلاح رمل مین فرد و زوج کہتے ہین غرضکہ جو شکل حاصل ہو مطابق اوسکے بیان کرے اور جس جگہ پر قلم وغیرہ موجود نہو یا عورتین یا ناخواندہ لوگ ہون نقشہ مرقوم ذیل پر بسم اللہ کہکر اونگلی کلمہ کے جس خانہ پر اونکا جی چاہے رکھ دین اوسکے موافق خاصیت اوس خانہ کی دیکھکر حال بیان کرے نقشہ یہ ہے ۔

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۶	۹
۱۰	۵	۴	۱۵

اصل اسکی دائرۂ شکن ہے بموجب حال نقش مربع کے سولہ خانہ ہین منجملہ اوسکے خانہ اول لحیان ہے اگر اس خانہ پر اونگلی رکھی ہے تو اوسکے واسطے [illegible] مبارک ہے اگر ارادہ سفر کا ہے تو خوب ہے مال و دولت حاصل ہوگا اور رتبہ عالی پر پہونچیگا مراد اوسکی باریتعالیٰ اپنے فضل سے بر لائیگا فرزند یا شخص غائب سے ملاقات ہو پنجشنبہ کو اپنی مراد کے نتیجہ سے خبر پاوے سرداران و رئیسان مشرق سے اوسکو فائدہ پہونچے اور روز دوشنبہ کو مقصود حاصل ہو۔ چاہیے کہ بعد نماز عشا کے چالیس روز بلاناغہ ہر روز بارہ ہزار مرتبہ اسم اللہ الصمد پڑھے اور اول و آخر درود شریف سو سو مرتبہ ۔ خانہ دوسرا قبض الداخل ہے ۔ صاحب فال کی تدبیر مبارک ہے اور کام بخوبی تمام انجام پاوے گا اگر مال چاہتا ہے حاصل ہوگا اور سفر کرنا چاہے تو پورب جاوے مگر قدرے تامل کرے حیوانات سے

فائدہ مند ہوگا۔ پینتالیس روز مین مراد حاصل ہوگی سوداگری منظور ہو فائدہ خوب
ہوگا تین ہزار ایک سو پچیس مرتبہ یا عزیزُ اول و آخر سو سو مرتبہ درود شریف چالیس روز
پڑھے اور یہ نقش چھیاسی مرتبہ لکھکر علیحدہ
علیحدہ آٹے کے ساتھ گولی بناوے اور ہر روز
اسیقدر بناکر مچھلیون کو کھلاوے۔

۷۸۶			
۸	۱۱	۶۵	۱
۶۴	۲	۷	۱۲
۳	۶۷	۹	۶
۱۰	۵	۴	۶۶
	بحق یا عزیزُ		

تیسرا خانہ قبض الخارج کا ہے ☷ یہ فال نحس ہے
اپنے ارادہ سے باز رہے اور تہمت و حسد سے
دشمنون کے پرہیز کرے اور جو تدبیر کرے اوس
مین رنج اوٹھاوے اور ارادہ سفر کا ہے تو چند روز صبر کرے اور درگاہ خدا مین توبہ
و استغفار کرے کچھ وظیفہ شروع کرے مثل درود شریف وغیرہ کے کہ اسکی برکت سے
وہ نحوست دفع ہو صدقہ دے کہ پینتالیس روز کے بعد جو کام کریگا بحکم خدا اوس کا
سرانجام نیک ہوگا۔ خانہ چوتھا جماعت ہے ☷ یہ فال میانہ ہے کسی کام کیواسطے
بہتر اور کسی کے واسطے بدتر جو امر کہ اختیار سے باہر ہوگیا ہو یقین کہ پھر اختیار مین آوے
اور واسطے مریض کے خوف ہلاکت ہے ارادہ سفر کا اچھا نہین اگر سفر کرے گا نقصان
اوٹھاوے گا شخص غائب یا مسافر جلدی نہ آئے اور
قیدی عرصہ دراز تک قید رہے۔ بعد ایک مہینہ کے
مطلب حاصل ہوئے اسم یا حنّانُ کو تین ہزار ایکسو پچیس مرتبہ
ہر روز بعد عشا پڑھے اور اول و آخر سو سو مرتبہ درود اور یہ نقش
ایک سو نو مرتبہ لکھکر گولیان آٹے مین علیحدہ علیحدہ بناوے
اور مچھلیون کو کھلاوے۔ یہ عمل چالیس روز ہونا چاہیے

۷۸۶			
۸	۱۱	۸۹	۱۰
۸۸	۲	۷	۱۲
۳	۹۱	۹	۶
۱۰	۵	۴	۹۰
	بحق یا حنّانُ		

خانہ پانچوان فرح ☷ سے ہے یہ فال مبارک ہے مراد جلد حاصل ہو خبر خوش سے مسرور

ہو اور مکان یا کوئی چیز خوش نما ملے کام انجام آوے فرزند یا معشوق سے ملاقات ہو جمعہ تک مراد حاصل ہو بارہ ہزار مرتبہ یا وَدُوْدُ بعد نماز عشاء کے اول و آخر سنو سنو مرتبہ درود مکان تنہا مین چالیس روز پڑھے اور ترک حیوانات کرے یہ نقش ہر روز صبح کو بیس عدد لکھکر موافق دستور مچھلیون کو کھلاوے۔ خانہ چھٹا عقلیہ ہے۔ ✽ یہ فال نحس ہے جبتک بیماری و ناتوانی

۷۸۶

۸	۳	۱۰
۹	۷	۴
۳	۱۱	۶

بحق یا وَدُوْدُ

ہوئے گی آرام ہوگا بردہ آزاد کرے یا صدقہ دیوے تو جانور چوپایہ گم شدہ دستیاب ہو اور مسافر دیر مین واپس آوے مگر سلامت رہے چھٹے روز اپنے حال سے مطلع ہوا ور ڈھائی مہینہ مین مراد حاصل ہو اور تہمت حسد دشمنان سے احتیاط رکھے توبہ و استغفار کرے صدقہ دے کہ سب مشکلین آسان ہون لب دریا یا کنوئین کے کنارے راتکو غسل کرکے پاک کپڑے پہنکر عطر لگاوے اور یا وَہَّابُ چودہ ہزار مرتبہ پڑھے اول و آخر سنو سنو مرتبہ درود اوسکے صبح کو چوراسی نقش لکھکر آٹے مین گولیان بناوے مگر قلم شاخ و روشنائی زعفران کی ہو گولیان مچھلیون کو دے چودہ روز یہی عمل کرے اگر مراد نہ آوے پورے چالیس دن پڑھے۔ خانہ ساتوان انکیس ہے ✽ فال بد ہے اگر احوال بیمار مطلوب ہے

۷۸۶

۶	۱	۷
۲	۵	۳
۳	۸	۴

بحق یا وَہَّابُ

بیمار ہلاک ہوگا قیدی عرصہ تک گرفتار رہے مگر نکاح کرنا خوب ہے، مال مشقت سے ہاتھ آئے سفر نہو سکے گم شدہ چیز ملے شنبہ کے دن احوال دل سے مطلع ہو بعد چھ روز کے مراد حاصل ہونے کی صورت ہو سفر نکرے شب کو بازار وغیرہ مین نپھرے علی الخصوص منگل اور بدھ کی رات کو خوف تہمت کا ہے شخص غائب حیران سرگردان رہے اور جانور کسی عرض مین گرفتار ہون گے سب گم شدہ جانب شمال سے تلاش

کرے بعد بیس روز کے احوال نیک ہو۔ اسم یا معز گیارہ ہزار سات سو مرتبہ پڑھے اول و آخر سو سو مرتبہ درود اور ایک سو ستر نقش زعفران سے لکھکر آٹے کی گولیون مین رکھے اور مچھلیونکو کھلاوے اور ترک حیوانات کرے جلد اثر ہوگا ایک چلہ تک یہ عمل کرنا چاہیے

۷۸۶

۴۰	۳۵	۴۲
۴۱	۳۹	۳۷
۳۶	۴۳	۳۸
بحق یا معز		

آٹھوان خانہ حمرہ ہے یہ فال نحس ہے مگر جنگ و جدل دشمن سے خوب ہے اور اندیشہ و خوف دشمن کا رکھنا نہ چاہیے شخص غائب سلامت نہ آوے مال شخص غائب کا تباہ ہو پندرہ روز زیادہ سخت ہین اسم یا حی بارہ ہزار مرتبہ دریا مین تا بہ کمر پانی کے اندر یا لب دریا کھڑا ہو کر پڑھے اول و آخر سو سو مرتبہ درود یہ نقش اٹھارہ مرتبہ روز صبح کو لکھکر حسب دستور مچھلیون کو کھلاوے بحکم خدا ایک چلہ مین مشکل آسان ہو مطلب کو پہونچے۔ خانہ نوان بیاض ہے یہ فال نہایت مبارک ہے مقام امید سے خبر نیک یا نامہ آوے مشکل آسان ہو سفر مین فائدہ کثیر ہو مراد

۷۸۶

۷	۲	۹
۸	۶	۴
۳	۱۰	۵
بحق یا حی		

حاصل ہو دعوے کرنا خوب ہی مگر خرید و فروخت بہتر نہین شے گم شدہ دستیاب ہو شخص گم شدہ سفر سے آوے اور جمعہ کو مراد دلی سے آگاہی پاوے دس روز مین مراد حاصل ہووے اسم یا قیوم تین ہزار ایکسو چھبیس مرتبہ ہر روز مکان پاکیزہ مین پڑھے اول و آخر سو سو مرتبہ درود اور اس نقش کو ایکسو چھپن مرتبہ ہر روز لکھکر موافق دستور مچھلیون کو کھلاوے ایک چلہ یہ عمل کرنا چاہیے شرائط عمل کا لحاظ رہے۔ خانہ دسوان نصرۃ الخارج ہے یہ فال نہایت مبارک ہے کوئی کام بزرگ و نکاح و سفر کرنا خوب ہے اگر حاملہ ہو فرزند نرینہ ہوگا بیمار صحیح ہو غائب بسلامت آوے اپنے مقصد کو پہونچے بزرگون اور حاکمون سے

۷۸۶

۵۳	۴۸	۵۵
۵۴	۵۲	۵۰
۴۹	۵۶ بحق یا قیوم	۵۱

تجارت مین فائدہ ہو اگر کوئی مشکل درپیش ہو اسم یَا سُلطَانُ تین ہزار ایک سو پچیس مرتبہ مکان تنہا و پاکیزہ مین بیٹھکر پڑھے اول و آخر سَو سَو مرتبہ درود چالیس روز تک اور ہر روز صبحکو ڈیڑھ سو مرتبہ اس نقش کو لکھکر حسب دستور گولیان مچھلیون کو کھلاوے۔ خانہ گیارھوان نصرۃ الداخل ہر یہ فال مبارک ہے خرید و فروخت و سفر اچھا ہے مُراد برآوے دوستون کے پاس سے خبر خوش آئے اور قدیم شناساؤن سے

۷۸۶		
۵۵	۵۰	۵۷
۵۶	۵۴	۵۲
۵۱	۵۸	۵۳
بحق یَا سُلطَانُ		

ملاقات ہو تمام مشکلین حل ہون اگر کوئی ضرورت پیش ہو اسم یَا مَنَّانُ تین ہزار ایکسو پچیس مرتبہ چالیس روز تک برابر پڑھے اول و آخر درود سَو سَو مرتبہ مگر لب دریا یا چاہ و چالیس روز برابر ہر صبحکو یہ نقش ایکسو اکتالیس مرتبہ زعفران سے لکھکر بدستور مچھلیون کو کھلاوے۔ خانہ بارھوان عتبۃ الخارج ہے یہ فال نحس ہے مگر بعض امور کو نیک بھی ہے مثلاً فروخت کرنا چارپایہ کا اور دفع کرنا دشمن کا بہتر ہے اور قیدی بدشواری رہائی پاویگا

۷۸۶			
۸	۱۱	۱۲۱	۱
۱۲۰	۲	۷	۱۲
۳	۱۲۳	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۲۲
بحق یَا مَنَّانُ			

دشمنونکی طرف سے زیادتی دشمنی کی ہوگی واسطے حل مشکلات کے اسم یَا فَتَّاحُ تین ہزار ایکسو پچیس مرتبہ وقت صبح صادق قبل نماز فجر کے پڑھے اول و آخر سَو سَو مرتبہ درود اور نقش کو چارسو مرتبہ روز لکھکر موافق دستور مچھلیونکو کھلاوے چالیس روز تک عمل کرنا ضرور ہے خانہ تیرھوان نقی الخد یہ فال مشتمل ہے نیک و بد مین یعنے بیمار و قیدی نجات پاوے اور مسافر راہ بھولے مگر آخر بسلامتی واپس آوے بادشاہ سے دولت ملے اور دعوی کرنیسے فریق

۷۸۶		
۱۶۴	۱۵۹	۱۶۶
۱۶۵	۱۶۳	۱۶۱
۱۶۸	۱۶۷	۱۶۲
بحق یَا فَتَّاحُ		

مخالف پر فتحیاب ہو واسطے حل مشکلات کے اسم یَا سَلَامُ بارہ ہزار مرتبہ بعد نماز عشاکے پڑھے اول و آخر سَو سَو مرتبہ درود پڑھکر اور تا حصول مراد پڑھتا رہے اور اس نقش کو ایکسو اکتیس مرتبہ لکھکر اوسکی گولیان برابر ہر صبحکو

۷۸۶			
۸	۱۱	۱۱۱	۱
۱۱۰	۲	۷	۱۲
۳	۱۱۳	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۱۲
بحق یَا سَلَامُ			

مچھلیونکو کھلاوے - خانہ چودھوان عتبۃ الداخل ؛ ہے - یہ فال نہایت مبارک ہی دلیل ہی حصول مال اور جاہ واقبال کے اور غم سے نجات پانا اور نکاح کرنا مبارک ہے شخص غائب کی خبر خوش آوے اور جس کام کا اندیشہ وفکر ہو وہ بسہولت انجام پاوے حاملہ عورتونکو زحمت ہو مگر آخر انجام بخیر ہو - واسطے حصول مراد کے اسم یَا نَاصِرُ تین ہزار چار سو دس مرتبہ بعد نماز عشا کے پڑھے اول وآخر سو سو مرتبہ درود اور یہ نقش تین سو اکتالیس مرتبہ لکھکر حسب معمول گولیان بناوے اور مچھلیون کو کھلاوے - خانہ پندرھوان اجتماع ؛ ہے - یہ فال مشترک درمیان نیک اور بد کے انجام کار اور حصول مراد مین توقف ہو خرید وفروخت اور تجارت مین منفعت ہو اور نکاح بھی کرنا خوب ہے لیکن غائب دیر مین آوے اور مریض کو شفا دیر مین ہوئے اور بادشاہ وحاکم کی جانب سے امید حصول مال کی ہے بعد عرصہ ایک ماہ کے مراد دلی حاصل ہوئے اور حل مشکلات کے لیے اسم مبارک یَا دَیَّانُ تین ہزار ایک سو چھبیس مرتبہ درود اول وآخر سو سو مرتبہ پڑھے اور پینسٹھ مرتبہ یہ نقش لکھکر آٹے مین علیحدہ علیحدہ گولیان بناوے اور مچھلیون کو کھلاوے جب تک مراد حاصل نہو -

۷۸۶

۸	۱۱	۳۲۱	۱
۳۲۰	۲	۷	۱۲
۳	۳۲۳	۹	۶
۱۰	۵	۴	۳۲۲
بحق یا ناصر			

۷۸۶

۸	۱۱	۴۵	۱
۴۴	۲	۷	۱۲
۳	۴۷	۹	۶
۱۰	۵	۴	۴۶
بحق یا دیان			

خانہ سولھوان طریق ؛ ہے یہ فال نہایت نیک ہی اور سعید ہر کام کے واسطے علی الخصوص مراد حاصل ہوئے اور دولت حاصل ہو اور جس کام کا ارادہ کرے انجام بخیر ہو اور مقصود حاصل ہو اور واسطے حل مشکلات کے اگر واقع ہو اسم شریف یَا رَحْمَانُ تین ہزار ایک سو چھبیس مرتبہ بعد اول وآخر سو سو مرتبہ درود شریف

پڑھے شرائط عمل کا لحاظ رہے ایک چلہ تمام
کرے اور ہر صبح کو اس نقش کو دو سو ننانوے
مرتبہ لکھکر گولیان آٹے مین علیحدہ علیحدہ بنا کر
مچھلیون کو کھلاوے۔ انشاء اللہ تعالی مشکل حل
ہوگی۔ شرائط عمل یہ ہین۔ لباس پاک و معطر وقت
اور مکان معین ہو گوشت اور مچھلی انڈا اور لہسن اور

۷۸۶			
۸	۱۱	۲۷۹	۱
۲۷۸	۲	۷	۱۲
۳	۲۸۱	۹	۶
	بحق یا رحمان		

پیاز اور شہد نہ کھاوے شیر برنج اور روغن کا کچھ مضائقہ نہین فسق وفجور
سے باز رہے اور روزہ رکھنا نہایت اولی ہے اور مجامعت سے بھی
پرہیز لازم ہے اور جسوقت نقش لکھے اسم نقش کو بلا تعداد پڑھتا جاوے ان
سب شرائط کا لحاظ عمل مین واجب لازم ہے۔

تمت

خاتمہ لوح سلیمانی

للہ الحمد کہ حصہ اول لوح سلیمانی جسکا حق تالیف اب مطبع مجتبائی لکھنؤ مین بذریعہ
اسناد سرکاری محفوظ ہے کمترین محمد عبد اللہ تاجر کتب لکھنؤ چوک کے اہتمام سے
مطبع مذکور مین مطبوع ہوا۔ ناظرین اور تاجرین سے التجا ہے کہ
جسقدر نسخے مطلوب ہون بارسال قیمت طلب
فرمائین اور قصد چھاپنے کا نفرمائین۔
اوراوسکا حصہ دوم موسوم بہ وظیفہ
سلیمانی چھپ کر تیار
ہے

مختصر فہرست کتبخانہ تجارتی مطبع مجتبائی لکھنؤ

راقم کے کارخانہ مین ہر قسم کی کتابین موجود ہین اس مختصر فہرست مین صرف چند کتابین لکھی جاتی ہین فہرست کلان مین ہر قسم کی کتابین درج ہین جو صاحب کیٹلاگ منگانے سے روانہ کیجاتی ہے تاجرون کو بنرخ تاجرانہ مال ملتا ہے تعمیل فرمایش بعجلت ہوتی ہے۔

نام کتاب	قیمت	نام کتاب	قیمت	نام کتاب	قیمت	نام کتاب	قیمت	نام کتاب	قیمت
قرآن شریف بتیرہ ترجمہ		نوشیروان نامہ جلد		دفتر ہفتم داستان		بالتصویر جدید		گلشن وقار	
مع کریم بغیر ترجمہ		دوم جدید الطبع		امیر حمزہ		درستی مضامین مطبوعہ		دیوان وقار	
حمائل شریف و		ہومان نامہ متعلقہ		تورج نامہ جلد ۲		مطبع مجتبائی لکھنؤ		گلزار داغ	
تفاسیر موجود ہین		نوشیروان نامہ		لعل نامہ جلد اول		جنگنامہ حضرت علی		آفتاب داغ	
[illegible]		جلد دوم		دفتر ہشتم		جنگنامہ محمد حنیف		انتخاب داغ	
جدید مطبوعہ مطبع		کوچک باختر		ایضاً جلد دوم		نظم		فریاد داغ	
مجتبائی لکھنؤ سات		بالا باختر		طلسم فتنہ		سبرس کامل		رسالہ اصول شطرنج	
دفتر خاص لکھنؤ		ایرج نامہ جلد اول		نورافشان جلد ۱		جام سرشار		ہدایۃ الاحبا	
زبان مین نہایت		جلد دوم		جسکی نقاب عمدگی		قصہ ممتاز		ضابطہ دیوانی	
خوبی سے چھپی ہے		طلسم ہوشربا جلد		ملاحظہ پر موقوف ہے		فسانہ سوزش عشق		نولکشوری	
اسکی خوبی معائنہ		جلد دوم		جلد دوم		میدان الرمل		ضابطۂ فوجداری	
سے معلوم ہوجایگی		سوم		جلد سوم		شمس الرمل		ایکٹ [illegible]	
یہ کتاب اکثر مطابع		چہارم		گلگشت ہر سہ جلد		نیر اعظم		نولکشوری	
مین چھپی لیکن		جلد پنجم کا		کے ہیے		کشاف نجوم		تعزیرات ہند	
بد انتظامی کیے چھپے		حصہ اول		طلسم ہفت پیکر		نغمہ جانفزا معروف		نولکشوری	
نہایت بے ربط		جلد پنجم حصہ دوم		مصنفہ منشی احمد حسین		قوت روح		قانون معاہدہ	
و غلط تھی راقم نے		جلد ششم		صاحب قمر جلد ۱		نغمہ عشاق کامل		قانون شہادت	
بہت کوشش سے		جلد ہفتم		جلد دوم		نغمۂ بلبل چہک		ایکٹ [illegible]	
درست کرائی ہے		بقیہ طلسم ہوشربا		جلد سوم		ترانۂ عشاق		انتقال جائداد	
ترجمہ داستان		جلد اول مصنفہ		طلسم خیال سکندری		نغمۂ بلبل		نیر عرش	
امیر حمزہ		منشی احمد حسین صاحب		مصنفہ قمر جلد ۱		بہار گلشن حصہ ۱		یاد محمدی	
		متخلص بہ قمر		جلد دوم		حصہ دوم		اسرار نبوت	
نوشیروان نامہ		حصہ دوم		جلد سوم		مرقع لطائف معروف		سرور القلوب	
جلد اول		صندلی نامہ دفتر		فسانۂ آزاد کامل		بہ لطائف بیربل		جذب القلوب	
جلد دوم		ششم		بنارس داستان [illegible]		ملا خسرو		مجمع البحرین	
ہرمز نامہ متعلقہ		تورج نامہ جلد ۱		ترجمہ اردو الف لیلہ		طلسم الفت			

جو صاحب کتاب وغیرہ چھپوانا چاہین تو اسکا معاملہ بذریعہ تحریر طے ہو سکتا ہے۔ اشیاے ساخت لکھنؤ مثل چکن۔ فرد رزائی و لحاف و عطریات و روغن خوشبودار وغیرہ بذریعہ ویلو روانہ کیجاتی ہین صاحب مایشر اپنا نام معہ پتا [illegible] و ضلع صاف لکھیں

مطبع مجتبائی مین باہتمام محمد عبد اللہ تاجر کتب چھپی

مختصر فہرست کتبخانہ تجارتی مطبع مجتبائی لکھنؤ

براقم کے کارخانہ مین ہر قسم کی کتابین موجود ہین اس مختصر فہرست مین صرف چند کتابین لکھی جاتی ہین فہرست کلان مین ہر قسم کی کتابین درج ہین جو بہ ٹکٹ بھیجنے سے روانہ کیجاتی ہے تاجرونکو بہ نرخ تاجرانہ مال ملتا ہے ۔ تعمیل فرمایش بعجلت ہوتی ہے

نام کتاب

قرآن شریف مترجم مترجم و بغیر ترجمہ حمائل شریف و [illegible] جدید [illegible] مجتبائی لکھنؤ ساخت دفتر خاص لکھنؤ کی زبان مین نہایت خوبی سے چھپی ہے اسکی خوبی معائنہ سے معلوم ہوجائیگی یہ کتاب اکثر مطابع مین چھپی لیکن بد انتظامی کیوجہ سے نہایت بے ربط و غلط تھی راقم نے بہت کوشش سے درست کرائی ہے

- ترجمہ داستان امیر حمزہ
- نوشیروان نامہ جلد اول
- ” جلد دوم
- ہرمز نامہ متعلقہ

نام کتاب

- نوشیروان نامہ جلد دوم جدید الطبع
- ہرمان نامہ متعلقہ
- شیروان نامہ جلد دوم
- کوچک باختر
- بالا باختر
- ایرج نامہ جلد اول
- ” جلد دوم
- طلسم ہوشربا جلد ۱
- ” جلد دوم
- ” جلد سوم
- ” جلد چہارم
- ” جلد پنجم کا حصہ اول
- جلد پنجم حصہ دوم
- جلد ششم
- جلد ہفتم
- بقیہ طلسم ہوشربا جلد اول مصنفہ منشی احمد حسین صاحب متخلص بہ قمر
- ” حصہ دوم
- صندلی نامہ دفتر ششم
- تورج نامہ جلد ۱

نام کتاب

- دفتر ہفتم داستان امیر حمزہ
- تورج نامہ جلد ۲
- لعل نامہ جلد اول دفتر ہشتم
- ایضاً جلد دوم
- طلسم فتنہ
- نور افشان جلد ۱ جسکی خوبی [illegible] ملاحظہ پر موقوف ہے
- ” جلد دوم
- ” جلد سوم
- گلگشت ہر سہ جلد کے لیے
- طلسم ہفت پیکر مصنفہ منشی محمد حسین
- صاحب قمر جلد ۱
- ” جلد دوم
- ” جلد سوم
- طلسم خیال سکندری مصنفہ قمر جلد ۱
- ” جلد دوم
- ” جلد سوم
- فسانۂ آزاد کامل
- ہزار داستان منظوم
- ترجمہ اردو الف لیلہ

نام کتاب

- باتصویر جدید بعد
- درسی مضامین مطبوعہ مطبع مجتبائی لکھنؤ
- جنگ نامہ حضرت علی
- جنگنامہ محمد حنیف نظم
- سیر کہسار کامل
- جام سرشار
- قصہ ممتاز
- فسانہ سوز عشق
- میدان الرمل
- شمس الرمل
- نیر اعظم
- کشاف النجوم
- [illegible] المعروف
- قوت روح
- نغمہ عشاق کامل
- نغمہ بلبل چہک
- ترانۂ عشاق
- نغمہ بلبل
- بہار گلشن حصہ ۱
- ” حصہ دوم
- مرقع لطائف معروف بہ لطائف بیربل و ملا خسرو
- طلسم الفت

نام کتاب

- گلشن وقار
- دیوان وقار
- گلزار داغ
- آفتاب داغ
- انتخاب داغ
- فریاد داغ
- رسالہ اصول شطرنج
- ہدایۃ الاحباب
- ضابطہ دیوانی
- ضابطہ فوجداری
- ایکٹ ۵ شمارہ
- ” نولکشوری
- تعزیرات ہند
- ” نولکشوری
- قانون معاہدہ
- قانون شہادت
- ایکٹ ۱۴ شمارہ
- انتقال جائداد
- نیر عرش
- میلاد محمدی
- اسرار نبوت
- سرور القلوب
- جذب القلوب
- مرج البحرین
- انوار اشرفی خلاصہ لطائف اشرفی

جو صاحب کتاب وغیرہ چھپوانا چاہین تو اسکا مسودہ بذریعۂ تحریر طے ہو سکتا ہے - اشیاے ساخت لکھنؤ مثل چکن - فرد رزائی و لحاف و عطریات و روغن خوشبودار وغیرہ بذریعۂ ویلو روانہ کیجاتی ہین صاحب فرمایش اپنا نام مع پتا و ڈاکخانہ و ضلع صاف لکھین

مطبع مجتبائی مین باہتمام محمد عبد الله شہید ابر کت چھپی